Rampur State Gazette

بحکم بندگانعالی اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

(نمبر؟) مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۳ جمادی الاول ۱۳۵۴ھ مطابق ۳ اگست ۱۹۳۵ء جلد

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم

حکم اجلاس اسٹیٹ کونسل رامپور

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس ہمایوں و اعلانات اعلیحضرت بندگانعالی دام اقبالہم وملکہم

روبکار

تاریخ ۲۹ جولائی ۱۹۳۵ء

دستخط بندگانعالی دام اقبالہم وملکہم

کاغذات منسلکہ ملاحظہ ہوئے۔

چھ ملازمان فوج جو یکم اکتوبر ۱۹۳۲ء سے تخفیف ہوئے ہیں۔ لیکن پنشن یکم اگست ۱۹۳۳ء سے مقرر ہوئی ہے۔ تاریخ علیحدگی سے عطائے پنشن کے مستدعی ہیں۔ چونکہ یہ اشخاص فیلڈ پر ہو آئے ہیں۔

لہذا ما بدولت واقبال منظور فرماتے ہیں کہ تاریخ علیحدگی سے پنشن مقررہ کے موافق ان کو یکم اکتوبر ۱۹۳۲ء لغایت جولائی ۱۹۳۳ء دس ماہ کی رقم دلا دی جائے۔ بموجب نقشہ منسلکہ کاغذات [illegible] (دو سو بہتر روپیہ چودہ آنہ چھ پائی) کی تخمینی رقم ہوتی ہے۔

حکم ہذا مع کاغذات متعلقہ برائے تعمیل صاحب [illegible] منسٹر کے پاس مرسل ہو۔ مسل مثل ۳۳ [illegible] صدر واپس ہو۔

بنشائے حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوا ایک نقل بغرض اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جائے۔

۲۹ جولائی ۱۹۳۵ء

[illegible]

نقشہ رقوم پنشن جو با تفصیل ذیل ہے

(مرتبہ ۲۲ مئی ۱۹۳۵ء)

نمبر شمار	عہدہ	نام مع ولدیت	تاریخ یکم اکتوبر ۱۹۳۲ء لغایت جولائی ۱۹۳۳ء کی پنشن کی رقوم: ماہوار پنشن	میزان	کیفیت
۱	لیس نائیک	[illegible] ولد لطیف خیر محمد خاں	[illegible]	[illegible]	
۲	سپاہی	ذوالفقار خاں ولد مظفر خاں	[illegible]	[illegible]	
۳	[illegible]	[illegible] ولد کلن خاں	[illegible]	[illegible]	
۴	[illegible]	سید [illegible] حسین ولد [illegible]	[illegible]	[illegible]	
۵	[illegible]	[illegible] علی ولد [illegible] علی	[illegible]	[illegible]	
۶	لیس نائیک	شیخ [illegible] ولد [illegible] شیخ، کفایت [illegible]	[illegible]	[illegible] ۱۳/۶	۲۶ جون ۱۹۳۳ء کو نام ... ہو کر ۲۹ جولائی ۱۹۳۳ء کو ... بموجب ہوئے انتشار میڈیکل بورڈ علیحدہ ہوا اس وجہ سے اس کے ایام تیرہ یوم زمانہ ملازمت ایام پنشن سے منہا کئے گئے از ۱۶ جون ۱۹۳۳ء تا ۲۹ جولائی ۱۹۳۳ء

دستخط صوبہ دار کمپنی [illegible]

دستخط پی جو اندار [illegible]

[illegible]

روبکار۔ مورخہ ۲۸ رجولائی ۱۹۳۵ء

دستخط بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم

کاغذات منسلکہ ملاحظہ ہوئے۔

قانون و قواعد انتخاب و کارروائی کمیٹی واضع قوانین مجریہ ۱۸ رجولائی ۱۹۳۵ء کی دفعہ (۹) ضمن (۵) کی رو سے تیس سال سے کم عمر والے اشخاص ناقابل ممبری قرار پاتے ہیں۔ اس صورت میں نوجوان تعلیمیافتہ اشخاص کی کافی تعداد کو اس سے مستفید ہونے کا موقع نہ ملیگا لہذا بنظر رعایا پروری بجائے تیس سال "کے پچیس سال" کم سے کم عمر قابلیت ممبری قرار دیجانا منظور کی جاتی ہے دفعہ (۹) کی ضمن (۵) میں بجائے لفظ "تیس" کے لفظ "پچیس" درج کیا جائے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا مع کاغذات متعلقہ برائے کارروائی اجرائے احکام صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔

ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

حسب نشائے حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو۔ ۲۹ رجولائی ۱۹۳۵ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم اسٹیٹ کونسل رامپور

بحالی

۲ر اگست ۱۹۳۵ء

سید ابن علی صاحب مصاحب نے اعلیحضرت بندگانحضور پرنور دام اقبالہم وملکہم کے حضور میں حاضر ہوکر اپنے قصور کی معافی کی استدعا پیش کی پیشگاہ ہمایوں سے ازراہ پرورش والطاف خسروانہ انکا قصور معاف فرمایا گیا۔ لہذا یکم اگست ۱۹۳۵ء سے سید ابن علی صاحب کو انکی سابقہ جگہ پر بہ تنخواہ و الاؤنس سابقہ بحال کیا جاتا ہے

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو
بعد اجرائے احکام اصل پر اسٹیٹ کونسل میں پیش ہو۔

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر